فوری ریلیز کے لیے: 17/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا گیارہ کاؤنٹیوں میں ہنگامی حالت کا اعلان، اس ہفتے جھیل کے شدید اثر سے برفانی طوفان سے متاثر ہونے کی پیش گوئی

کئی فٹ برفباری، ژالہ باری اور طوفانی ہواؤں کے نیتجے میں آنے والے طوفان کی وجہ سے خطرناک سفری حالات اور بجلی کی ممکنہ بندش کی توقع ہے

نیویارک کے باشندوں کو خطرناک حالات کے پیش نظر بفلو اور واٹر ٹاؤن کے علاقوں میں جمعرات کی شام سے جمعے کی شام تک غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی تاکید کی گئی ہے

جمعرات شام 4 بجے سے آغاز کرتے ہوئے، متعدد ریاستی سڑکوں، NYS تھرووے (I-90) ایگزٹ 46 (راچسٹر - I-390) سے لے کر ایگزٹ 61 (ریپلے - شارٹ مین روڈ) تک تمام کمرشل ٹریفک پر پابندی عائد کر دی گئی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ جمعرات کی صبح 11 کاؤنٹیوں کے لیے ہنگامی حالت کا اجراء کیا گیا ہے کیونکہ پیش گوئی کی گئی ہے کہ موسمِ سرما کا طوفان اتوار تک جھیل کے اثر سے ہونے والی شدید برف باری کے ساتھ ریاست نیو یارک کے کچھ شمالی حصوں کو متاثر کرےگا۔ شدید ترین برف باری جمعرات اور جمعے کو متوقع ہے جس میں بفلو کے علاقے میں چار فٹ تک برف پڑ سکتی ہے اور واٹر ٹاؤن کے علاقے میں دو فٹ یا اس سے زیادہ برف پڑ سکتی ہے، برف باری کی شرح تین یا اس سے زیادہ انچ فی گھنٹہ ہے۔ طوفان کے نتیجے میں خطرناک سفری حالات اور مقامی بجلی کی بندش کے امکان برف، اور ہوا کے امتزاج کی وجہ سے ہو سکتے ہیں۔ گرج چمک بھی بھاری، زیادہ شدید مقدار میں ہو سکتی ہے۔ گورنر Hochul نے نیویارک کے باشندوں کو خبردار رہنے اور جمعرات کی شام سے جمعہ تک، خصوصاً بفلو اور واٹر ٹاؤن کے علاقوں میں غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی تاکید کی ہے۔

ہنگامی حالت کا اطلاق درج ذیل کاؤنٹیوں، نیز ان سے ملحقہ کاؤنٹیوں پر ہوتا ہے: کیٹاروگس، چوٹوقوا، ایری، جینسی، جیفرسن، لوئیس، نیاگرا، اونیڈا، اوسویگو، سینٹ لارنس اور وائیومنگ۔

گورنر Hochul نے کہا، "ہم سب کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے کہ ہر کوئی اس موسمِ سرما کے طوفان کے دوران محفوظ رہے — یہی وجہ ہے کہ میں نے متاثرہ کاؤنٹیوں کے لیے ہنگامی حالت کا اعلان کیا ہے، جس وسائل آزاد رہیں گے اور ہماری تیاری میں اضافہ ہو گا۔ میری انتظامیہ اس ممکنہ طور پر جان لیوا موسمی واقعے کے لیے چوبیس گھنٹے تیاری کر رہی ہے، اضافی حفاظتی عملے اور آلات کو لا رہی ہے، ریاست نیو یارک کے تھرو وے کو بند کر رہی ہے، اور ہنگامی کارروائیوں کے مراکز کو فعال کر رہی۔ میری نیو یارک کے تمام مکینوں سے گزارش ہے کہ وہ اگلے چند دنوں میں تیار اور محتاط رہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ کمزور عزیزوں اور پڑوسیوں کا خیال رکھا جائے"۔

جھیل کے اثر سے ہونے والی برف باری کی وارننگ اور موسم سرما کے طوفان کی نگرانیاں مغربی نیویارک، فنگر لیکس، مرکزی نیویارک اور نارتھ کنٹری میں کئی کاؤنٹیز کے لیے اتوار کی شام تک جاری رہیں گی۔ جمعرات تک، قومی محکمۂ موسمیات اس طوفان کے دوران متعدد مقامات پر کئی فٹ تک برف پڑنے کی پیشن گوئی کرتا ہے۔

اپنے علاقے میں موسم سے متعلق نگرانیوں اور وارننگز کی مکمل فہرست کے لیے، اپنے علاقے کے قومی محکمۂ موسمیات کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "میں اس خطرناک برفانی طوفان کے راہ میں آنے والے کسی بھی شخص پر بھرپور زور دیتی ہوں کہ وہ کئی دنوں کی شدید برفباری، آندھی، خطرناک سفری حالات اور بجلی کی ممکنہ بندش کی تیاری کے لیے عملی اقدامات کرے۔ نیو یارک کے مکین اس قسم کے موسم سے واقف ہیں، لیکن یہ موسم کا ہمارا پہلا بڑا برفانی طوفان ہے، تو آئیے براہِ کرم محتاط رہیں، شدید برفباری شروع ہونے سے پہلے اپنی خریداری اور دیگر امور ابھی نمٹا لیں، اگر آپ نمٹا سکتے ہیں تو، اور دوستوں اور پڑوسیوں کے ساتھ رابطہ کریں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ وہ بھی طوفان کے لیے تیار ہیں"۔

<u>ایجنسی کی تیاریاں</u>

ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز

ریاست نیویارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات موسم اور سفری حالات کی بغور نگرانی کر رہا ہے، ریاستی ایجنسی کی ردعمل کی کارروائیوں میں تعاون دے رہا ہے، اور طوفان کے پورے وقت کے دوران مقامی حکومتوں کے ساتھ رابطہ رکھے گا۔

ریاستی دفتر برائے ہنگامی انتظام کا ہنگامی کارروائیوں کا مرکز جمعرات سے فعال ہو رہا ہے اور ریاست کے وسائل کے حامل ادارے علاقوں کی طوفان سے متعلق کسی بھی ضروریات کے لیے اپنے وسائل بروئے کار لانے کے لیے تیار ہیں۔

ریاستی دفتر برائے تدارک و انسدادِ آتش زدگی کے پاس اثاثے ہیں جیسے ایمرجنسی ریسپانس گاڑیاں، UTVs جو ضرورت پڑنے پر باہمی امداد کی درخواستوں کے لیے تعینات کرنے کے لیے تیار ہیں۔

محکمۂ آمد و رفت (Department of Transportation, DOT)

ریاستی محکمۂ آمد و رفت 3,287 سپروائزروں اور آپریٹروں کے ساتھ ردِعمل دے رہا ہے۔ عملے کی تشکیل کاری برفباری اور پانی کے انجماد، نکاسی آب، برف کاٹنے، لادنے اور کسی دوسری جگہ منتقل کرنا، اٹھانے اور پھینکنے (دستی اوزار کی مدد سے) سمیت کسی بھی قسم کے ایسے ردعمل کے گروہ میں کی جا سکتی ہے جس کی ضرورت ہو۔ علاوہ ازیں، نظام برائے ہنگامی حادثے پر قابو (Incident Command System, ICS) کے 75 اہلکار آنے والی صورت حال میں معاونت دینے کے لیے دستیاب ہیں۔

انتہائی حساس علاقوں میں جھیل کے اثر سے ہونے والی برف باری کے ردِعمل میں معاونت کرنے کے لیے، دیگر علاقوں سے کل 112 نفوس پر مشتمل عملہ، بشمول 92 ہل چلانے والے ٹرک آپریٹر/سپروائزر، 11 آلات کو چلانے کی ہدایات دینے والے استاد، چھ مکینک، ایک آپریشن مینیجر، ایک حفاظتی نمائندہ، اور ایک ICS امدادی عملے کے رکن کو متاثرہ علاقوں میں تعینات کیا گیا تھا۔ مزید برآں، 15 ہل چلانے والے ٹرک، ہل کے ساتھ 6 درمیانی طاقت کے ٹرک، اور 1 بلڈوزر بھی تعینات کیا گیا تھا۔ یہ حسبِ ذیل تقسیم کیے گئے ہیں:

مغربی نیو یارک/بفلو:

تعینات عملے کی تعداد (87):

- 70 آپریٹر
- 7 سپروائزر
- 4 آلات چلانے کی ہدایات دینے والے استاد
- 4 مکینک
- 1 آپریشنز مینیجر
- 1 ICS معاون اہلکار

تعینات سامان کی تعداد (22):
- 15 بڑے ہل چلانے والے ٹرک
- 6 درمیانی طاقت کے ہل چلانے والے ٹرک
- 1 بلڈوزر

فنگر لیکس/راچسٹر:
تعینات عملے کی تعداد (19):
- 10 آپریٹر
- 2 سپروائزر
- 4 آلات چلانے کی ہدایات دینے والے استاد
- 2 مکینک
- 1 حفاظتی نمائندہ

نارتھ کنٹری/واٹر ٹاؤن:
تعینات عملے کی تعداد (6):
- 3 آپریٹر
- 3 آلات چلانے کی ہدایات دینے والے استاد

بدھ کی سہ پہر یا شام تک خطے سے باہر کے علاقوں کے لیے تمام وسائل دستیاب ہو جائیں گے۔ ہنگمی حالات کے دوران صورتحال کے مطابق اضافی وسائل اور آلات کی ضرورت کا دوبارہ جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

تمام رہائشی مقامات پر ہنگامی صورتحال کے عرصے میں اور ترجیحی صفائی کی کارروائیوں کے دوران عملہ 7/24 کارروائیاں انجام دینے کے لیے دستیاب رہے گا۔ برف اور پانی کے انجماد کے تمام دستیاب آلات کام کرنے کے لیے تیار حالت میں ہیں۔ فلیٹ مکینکس متاثرہ علاقوں میں تمام اہم رہائشی مقامات پر 7/24 مرمت و بحالی کا کام کریں گے اور ٹرکوں کو سڑک پر رکھیں گے۔ ریاست بھر کے سازوسامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:
- 1522 بڑے پلو ٹرکس
- 140 میڈیم ڈیوٹی پلوز
- 50 ٹو پلوز
- 329 بڑے لوڈرز
- 38 برف ہٹانے والی گاڑیاں

DOT درج ذیل مقامات پر جمعرات کی شام 4 بجے سے کمرشل گاڑیوں پر مکمل پابندی عائد کر رہا ہے:
- بین الریاستی 190 - روٹ 62 سے لے کر I-90 تک
- بین الریاستی 290 - مکمل طوالت
- بین الریاستی 990 - مکمل طوالت
- روٹ 33 - مکمل طوالت
- روٹ 219 - روٹ 39 سے لے کر I-90 تک
- روٹ 400 - مکمل طوالت
- بفلو اسکائی وے روٹ 5 - مکمل طوالت
- I-81 - کینیڈا کی سرحد تک ایگزٹ 33 - ٹرک صرف دائیں لین کا استعمال کریں

ٹریفک اور سفر کے تازہ ترین حالات جاننے کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511ny.org ملاحظہ کریں یا NY511 مفت موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔ آن لائن سسٹم اور موبائل ایپ میں ریاستی سڑک کا نقشہ شامل ہوتا ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ کن سڑکوں پر برف باری ہو رہی ہے اور کہاں حالات معمول پر ہیں۔

تھرووے اتھارٹی

تھرو وے اتھارٹی کے اہلکار چوبیس گھنٹے تعینات ہیں اور ریاست بھر میں 657 آپریٹروں اور سپروائزروں کے ساتھ جھیل کے اثر سے آنے والے طوفان کا جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ تھرو وے نے اپنے نیو یارک، سیراکیوز اور البانی ڈویژنوں سے اضافی عملے اور آلات کو منتقل اور تعینات کیا ہے تاکہ مغربی نیو یارک کے ممکنہ طور پر سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں برفباری اور پانی کے انجماد کی کارروائیوں میں مدد کی جا سکے۔ تعینات کردہ وسائل میں آپریٹرز اور سپروائزرز، مکینک، بڑے پلو ٹرکس، اور بڑے سنو بلوورز شامل ہیں۔

مزید برآں، طوفان کی مدت کے دوران بفلو اور ہیڈ کوارٹرز میں تھرووے ایمرجنسی آپریشن سنٹرز کا عملہ تعینات کیا جائے گا تاکہ برف اور پانی کے انجماد کی کارروائیوں کے نظم، ٹریفک کے حادثاتی واقعات کے ردعمل، ہنگامی انتظام اور مسافر کی بروقتی معلومات میں مدد دی جائے۔

جمعرات شام 4 بجے سے آغاز کر کے، ریاست نیویارک تھرووے (I-90) ایگزٹ 46 (راچسٹر I-390) سے لے کر پنسلوانیا کی سرحد تک، اور نیاگرا تھرووے پر I-90 سے ایگزٹ 22 (روٹ 62) تک تمام کمرشل ٹریفک پر پابندی عائد کر دی جائے گی۔ تھرووے پر مشرق کی طرف جانے والی تمام کمرشل ٹریفک پر ایگزٹ 61 (ریپلے - شارٹ مین روڈ) کی طرف سے نکلنا لازم ہے۔

تھرووے پر مغرب کی طرف سے پنسلوانیا کی جانب پوائنٹس مشرق سے جانے والی کمرشل ٹریفک کو، I-390 سے I-86 ویسٹ کے لیے ایگزٹ 46 (راچسٹر - I-390) استعمال کرنا چاہیئے۔

تھرووے ریاست بھر کے آلات کی تعداد اور وسائل ذیل میں درج ہیں:
- 346 بڑے اور میڈیم ڈیوٹی پلو ٹرک
- 9 ٹو پلوز
- 66 لوڈرز
- برف کو پگھلانے کے لیے 132,000 ٹن سے زیادہ نمک استعمال کیا جاتا ہے

تھرووے پر موٹر گاڑی چلانے والوں کو سرد موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے مختلف پیغامات والے بورڈ اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔

تھرووے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو کہ iPhone اور Android ڈیوائسز پر مفت دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو ٹریفک کی حقیقی معلومات، لائیو ٹریفک کیمروں، اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔ گاڑی چلانے والے ٹرانس الرٹ (TRANSalert) ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھرووے کے گرونواح کی ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال فراہم کرتی ہے۔ تھرووے اتھارٹی کو ٹوئٹر پر: ThruwayTraffic@ اور NYSThruway@ اور فیس بُک پر NYS Thruway Authority پر فالو کر سکتے ہیں۔

ڈویژن برائے عسکری و بحری امور (Division of Military and Naval Affairs, DMNA)
آج رات ریاست کی جوابی کارروائیوں میں مدد کرنے کے لیے DMNA میں شام 6 بجے تک 60 اہلکار ڈیوٹی پر ہوں گے:دوسری سکواڈرن 101ویں کیولری، جو کہ نیاگرا فالز ایئر ریزرو سٹیشن پر تعینات ہے، اور میسٹن ایوینیو اسلحہ خانے پر 105ویں ملٹری پولیس کمپنی کے سپاہی، اور 107ویں اٹیک ونگ کے ایئر مین۔

محکمۂ تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC)
DEC پولیس افسران، جنگلاتی رینجرز، عملہ برائے ہنگامی انتظام اور علاقائی عملہ چوکس ہیں اور تبدیل ہونے والی صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں اور شدید موسم سے متاثر ہونے والے علاقوں اور بنیادی ڈھانچوں میں فعال طور پر گشت کر رہے ہیں DEC محکمے کے شراکت داروں کے ساتھ وسائل کی تعیناتی کو مربوط کر رہا ہے اور تمام دستیاب اثاثے کسی بھی ہنگامی ردِعمل میں مدد کے لیے تیاری کی حالت میں ہیں۔

DEC ملک کے عقبی حصے کے صارفین کو موسم سرما کے حالات کے بارے میں آگاہ اور تیار رہنے کا مشورہ دے رہا ہے۔ ہائیکر کی جسمانی صلاحیت یا منزل سے قطع نظر موسم سرما میں ہائیکنگ کی حفاظت اور تیاری انتہائی اہم ہیں۔ سرد موسمی حالات میں مزید لطف اندوز ہونے اور زیادہ محفوظ رہنے کے لیے مناسب طریقے سے تیاری انتہائی ضروری ہے۔ موسم سرما کی ہائیکنگ کے بارے میں اضافی معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

DEC برف کو بڑے پیمانے پر ہٹانے اور ٹھکانے لگانے کے ذمہ دار افراد کو یاددہانی کرواتا ہے کہ وہ نمک، ریت، تیل، ردی اور برف میں موجود دیگر ملبے جیسے کوڑے کے لیے بہترین انتظامی طریقوں پر عمل کریں تاکہ پانی کے معیار کو متاثر کرنے کے امکانات کو کم کرنے میں مدد ملے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

پارکس، تفریح گاہوں اور تاریخی ورثہ کے تحفظ کا دفتر
نیو یارک اسٹیٹ کی پارک پولیس اور پارک کا عملہ ہوشیار ہے اور موسمی صورتحالوں اور ان کے اثرات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ پارک جانے والے سیاحوں کو پارک کے اوقات، کھلنے اور بند ہونے کے بارے میں تازہ ترین اپ ڈیٹس کے لیے parks.ny.gov کو چیک کرنا چاہیئے یا اپنے دفتر برائے مقامی پارک کو کال کرنی چاہیئے۔

ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس
نیو یارک کی یوٹیلیٹیز کے پاس نقصان کی تشخیص، ردِعمل، مرمت اور بحالی کی کوششوں میں مشغول ہونے کے لیے ریاست بھر میں تقریباً 5,730 اہلکار موجود ہیں۔ اس میں نیشنل گرڈ کی جانب سے لیے گئے اضافی 230 بیرونی FTEs شامل ہیں۔ NYSEG نے مغربی نیو یارک کے علاقے میں جھیل کے اثر سے ہونے والی برفباری کی تیاری کرنے کے لیے اپنے ٹھیکیداروں کی معاونت میں اضافہ کیا ہے۔ DPS کا عملہ اس سارے ہنگامی عرصے کے دوران یوٹیلیٹیز کے کام پر نظر رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ یوٹیلیٹیز سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں عملے کو موزوں طور پر منتقل کریں۔

ریاستی پولیس
ریاستی پولیس جھیل کے اثر سے برف باری سے متاثرہ علاقوں میں اضافی گشت بڑھا رہی ہے، اور ان علاقوں میں اضافی خصوصیات کی حامل گاڑیاں، بشمول یوٹیلیٹی ٹاسک گاڑیاں اور سنو موبائیلز بھی تعینات کرے گی۔ تمام چار پہیوں والی گاڑیوں کو تعینات کیا جائے گا، اور اہلکاروں کی ہنگامی طاقت اور مواصلاتی آلات کی جانچ کر لی گئی ہے۔

حفاظتی تجاویز برائے موسم سرما
موسم سرما میں سفر
محفوظ ڈرائیونگ کے لیے چند اہم ترین تجاویز میں شامل ہیں:

- موسم سرما کے طوفان کے دوران، اشد ضروری صورتحال کے علاوہ گاڑی نہ چلائیں۔
- پلوں پر احتیاط برتیں کیونکہ برف سڑکوں کی نسبت پل پر جلدی جم سکتی ہے۔
- اگر آپ پر سفر کرنا لازم ہے، تو دوران سفر یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی کار میں بقائے حیات کا سامان کمبل، بیلچہ، ٹارچ اور اضافی بیٹریز، اضافی گرم کپڑے، ٹائروں کی چینز، بیٹری بوسٹر کیبلز کا سیٹ، فوری توانائی کی حامل خوراکیں اور ہنگامی فلیگ کے طور پر استعمال کرنے کے لیے چمکدار رنگ کے کپڑوں کے ذخیرے موجود ہوں۔
- اگر آپ کے پاس سیل فون یا دو طرفہ ریڈیو سیٹ بطور دیگر مواصلاتی آلہ استعمال کے لیے دستیاب ہے، تو بیٹری کو چارج رکھیں اور جب بھی سفر کریں اپنے ساتھ رکھیں۔ اگر آپ برف میں پھنس جاتے ہیں، تو آپ مدد کے لیے کال کر سکیں گے، جان بچانے والے افراد کو اپنا محل وقوع بتا سکیں گے۔
- موسم سرما کے طوفانوں کے دوران اموات اور زخمیوں کی سب سے بڑی وجہ ٹرانسپورٹیشن کے حادثات ہیں۔ گاڑی چلانے سے قبل، یقینی بنائیں کہ آپ کی گاڑی برف اور پانی کے انجماد سے پاک ہے؛ واضح حدِ نگاہ اچھی ڈرائیونگ کی کنجی ہے۔ اپنے اسٹاپس کی منصوبہ بندی کریں اور کاروں کے درمیان زیادہ فاصلہ برقرار رکھیں۔ مزید چوکس رہیں اور یاد رکھیں کہ برفانی تودے چھوٹے بچوں کو چھپا سکتے ہیں۔ اپنی رفتار کو ہمیشہ سڑک اور موسمی حالات سے موافق رکھیں۔

- تمام سڑکوں پر گاڑی چلانے والے افراد کے لیے یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ سنو پلوز 35 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرتے ہیں، جو کہ بہت سے معاملات میں مقرر کردہ رفتار کی حد سے کم ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پھیلایا گیا نمک ڈرائیونگ لینز پر موجود رہے اور سڑک کے اطراف پر پھیل نہ جائے۔ اکثر اوقات بین الریاستی ہائی ویز پر، سنو پلوز ساتھ اطراف میں چلتے ہیں، کیونکہ یہ ایک وقت میں کئی لینز کو صاف کرنے کا سب سے موثر اور محفوظ طریقہ ہے۔
- گاڑی چلانے والے افراد اور پیدل سواروں کو یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ سنو پلو ڈرائیوروں کی دیکھنے کی حد محدود ہوتی ہے، اور سنو پلوز کا سائز اور وزن ان کا تیزی سے ہینڈل کرنا اور رکنا بہت مشکل بنا سکتا ہے۔ پلو کے پیچھے سے برف اڑنے سے حد نگاہ شدید طور پر کم ہو سکتی ہے یا دھند کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ گاڑی چلانے والے افراد کو سنو پلوز کو اوور ٹیک کرنے یا ان کے قریب ہو کر گاڑی چلانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے۔ گاڑی چلانے والے افراد کے لیے گاڑی سنو پلوز کے پیچھے رکھنا جہاں سڑک صاف اور نمک زدہ ہو، زیادہ محفوظ ہے۔ جب سنو پلو کام کر رہا ہو تو اس کو کبھی اوور ٹیک کرنے کی کوشش نہ کریں۔

جبری مشقت

بھاری مشقت، جیسے برف کو اٹھانا، ملبہ صاف کرنا یا گاڑی کو آگے کھینچنا، دل کے دورے کا خطرہ بڑھاتا ہے۔

ایسے مسائل سے گریز کرنے کے لیے:

- سردی سے محفوظ رہیں، گرم کپڑے پہنیں اور کھلی جگہ پر کام کرنے کے دوران سست رفتار رہیں۔
- زیادہ مشقت سے بچنے کے لیے کثرت سے وقفہ برائے آرام لیں
- اگر آپ کو سینے میں درد، سانس لینے میں دشواری، یا آپ کے جبڑے میں درد آپ کے بازو کے نیچے پھیلتا ہوا محسوس ہوتا ہے تو - کام چھوڑ دیں اور فوری مدد طلب کریں۔

بجلی کی بندشیں

- علاقے کی مرمت و بحالی کے شیڈول کا تعین کرنے کے لیے اپنے یوٹیلیٹی کو کال کریں۔
- سروس بحال ہونے پر سرکٹ اوورلوڈ سے بچنے کے لیے لائٹس اور آلات کو بند یا ان پلگ کر دیں؛ بجلی کب بحال ہوتی ہے، اس کی نشاندہی کرنے کے لیے ایک بتی آن رہنے دیں
- اگر موسم سرما کے طوفان کے دوران حرارت ختم ہو جائے، تو جن کمروں کی ضرورت نہیں ہے ان کو بند کر کے گرم رکھیں

تحفظ برائے حرارت

- متبادل حرارت کے محض محفوظ ذرائع مثلاً آتش دان، لکڑی یا کوئلے کا چھوٹا ہوادار چولہا یا پورٹیبل اسپیس ہیٹر کا استعمال کریں
- ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں
- حرارت کے متبادل ذرائع جیسے کہ آتش دان، لکڑی کا چولہا وغیرہ استعمال کرتے وقت ہمیشہ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ہوا کی مناسب گزر گاہ ہو
- پردوں، تولیوں اور دستر خوانوں کو گرم سطحوں سے دور رکھیں
- آگ بجھانے والا اور دھویں کی نشاندہی کرنے والے آلات موجود رکھیں اور یقینی بنائیں کہ وہ کام کرنے کی حالت میں ہوں
- اگر آپ مٹی کے تیل کے ہیٹرز اپنے معمول کے حرارتی فیول کی فراہمی کے لیے، یا حرارت حاصل کرنے کے ہنگامی ذریعہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں، تو درج ذیل حفاظتی تجاویز پر عمل کریں:

-مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں
-اپنے یونٹ کے لیے درست فیول کا استعمال کریں
-جب یونٹ ٹھنڈا ہو تو دوبارہ فیول بھرنے کے لیے صرف اور صرف بیرونی جگہ استعمال کریں
-ہیٹر کو فرنیچر اور دیگر آتش گیر اشیاء سے کم از کم تین فٹ دور رکھیں

-ہیٹر استعمال کرتے وقت، آگ سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر کا استعمال کریں اور ہوا کی گزر گاہ مناسب رکھیں

مزید حفاظتی تجاویز کے لیے، ملاحظہ کریں https://dhses.ny.gov/safety-

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418